کنڈرگارٹن پیرنٹ سروے میں شرکت کی رضامندی

آپ کو یہ دعوت نامہ اس لیے موصول ہوا ہے کیوں کہ آپ کا ایک بچہ کنڈرگارٹن میں رجسٹرڈ ہے جو کہ پیرنٹ سروے میں شامل ہے۔ کنڈرگارٹن پیرنٹ سروے میں شرکت کرکے، آپ اس بات کی رضامندی دیتے ہیں کہ ہم آپ کے رابطے کی تفصیلات، بشمول آپ کا نام، ای میل ایڈریس اور/یا فون نمبر، نیز سروے کے لیے آپ کے جوابات کی پروسیسنگ کریں گے۔

کنڈرگارٹن پیرنٹ سروے کا مقصد کیا ہے؟

پیرنٹ سروے آپ کو بطور والدین اپنی رائے کا اظہار کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ کنڈرگارٹن کے انتظامات اور اس میں اپنے بچے کی فلاح و بہبود کا تجربہ کیسے کرتے ہیں۔ سروے کے نتائج کو کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن کے مالک اور ریاستی تعلیمی حکام کے ذریعے برقرار رکھا جاتا ہے اور استعمال کیا جاتا ہے تاکہ کنڈرگارٹن کے معیار کا تجزیہ کیا جا سکے اور اسے بہتر بنایا جا سکے۔

نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت اس سروے سے حاصل کردہ اعدادوشمار کو آن لائن www.barnehagefakta.no اور www.udir.no پر شائع کرتا ہے۔

سروے کے نتائج کو ریسرچ اور شماریات کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے اور آرکائیوز میں رکھا جا سکتا ہے۔ ڈیٹا کی یہ پروسیسنگ قانون کے مطابق ہے۔

سروے کیسے کیا جاتا ہے؟

سروے کا جواب رضاکارانہ ہے۔ آپ ان سوالات کو چھوڑ بھی سکتے ہیں جن کا آپ جواب نہیں دینا چاہتے۔

ڈیٹا کنٹرولر اور اس کی رازداری

نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت ڈیٹا کنٹرولر ہے جس کی ذمہ داری اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کنڈرگارٹن پیرنٹ سروے ڈیٹا پروٹیکشن کے قابل اطلاق قانون کے مطابق کیا جائے۔ پیرنٹ سروے میں آپ کی شرکت کو آسان بنانے کے لیے ہم آپ کو ایک لنک اور کوڈ بھیجنے کے لیے آپ کے رابطے کی تفصیلات کا استعمال کریں گے، اور اگر آپ نے سروے مکمل نہیں کیا ہے تو ہم آپ کو شرکت کے لیے یاددہانی بھی بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ سروے میں شرکت کرتے ہیں، تو ہم آپ کے جوابات بھی ریکارڈ کریں گے۔ ہماری جانب سے کام کرنے والے ڈیٹا پروسیسرز بھی انہی اصولوں کے تابع ہیں۔

آپ کے جوابات آپ کے نام یا ذاتی شناختی نمبر سے منسلک نہیں ہوں گے۔
نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت کے پاس ایک پروسیز ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ چھوٹے نمونوں پر مبنی نتائج کو دوبارہ ترتیب دیا جائے اور سروے کا جواب دینے والوں کی ممکنہ شناخت کو روکا جائے۔ بہر حال، ہم اس بات کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ نتائج کی جانچ کرنے والا کوئی بھی تیسرا فریق یہ مفروضہ قائم کر سکتا ہے کہ جواب دہندگان نے سروے میں کون سے جوابات فراہم کیے ہیں۔

ایسے معاملات میں جہاں نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت ریسرچ کے جوابات فراہم کرتا ہے، محققین کو ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ اور رازداری کے لیے ڈائریکٹوریٹ کے قوانین کی تعمیل کرنی ہوگی، اور انہیں رازداری کے معاہدے پر دستخط کرنا ہو گی۔

آپ اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں

سروے کی مدت ختم ہونے تک آپ اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں۔ سروے کی مدت ختم ہونے کے بعد، آپ کے لاگ ان کوڈ اور آپ کے جوابات کے درمیان رابطے کو حذف کر دیا جائے گا – رابطہ ختم ہونے کے بعد، ہم آپ کے جوابات دوبارہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اس طرح، ہم آپ کے جوابات کی جانچ یا بصورت دیگر اسے حذف نہیں کر سکیں گے۔ رابطے کی تمام تفصیلات نفاذ کی حتمی تاریخ کے 30 دن بعد حذف کر دی جائیں گی۔

کیا آپ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں؟

آپ www.udir.no/undersokelser پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
آپ اپنے کنڈرگارٹن یا نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت سے بذریعہ ای میل post@udir.no یا 23 30 12 00 پر فون کر کے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں یا اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی یا اسے حذف کے حق سمیت اپنے حقوق کا استعمال کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے بذریعہ ای میل personvernombud@udir.no
پر رابطہ کریں

اگر آپ نارویجن ڈائریکٹوریٹ برائے تعلیم و تربیت کے ذاتی ڈیٹا کی پروسیسنگ کے بارے میں شکایت درج کروانا چاہتے ہیں، تو براہ کرم نارویجن ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی سے رابطہ کریں۔

رضامندی

سروے شروع کرنے کے لیے، "قبول کریں" پر کلک کریں۔ ایسا کرنے پر، آپ سروے میں اپنی شرکت کے لیے رضامندی بھی فراہم کریں گے۔